© rasailojaraid.com



(بحوالہ ماہنامہ "بینات" کراچی اگست ۱۹۸۱ء)

(۲) (ترجمہ) "یزید بن معاویہ اپنے والد ماجد کے بعد مسلمانوں کے بادشاہ ہوئے - ان کے ہاتھ پر خلافت کی بیعت کرنے والوں میں وہ اصحابِ رسول ﷺ بھی شامل تھے جنہوں نے حضرات خلفائے راشدین ....... ابوبکر، عمر، عثمان اور علی (رضی اللہ عنہم) کے ہاتھ پر بیعت خلافت کی تھی - جہاں تک قتلِ حسین رضی اللہ عنہ کا معاملہ ہے تو یزید کی طرف اس کی نسبت نہ ثابت ہے اور نہ صحیح! جہاں تک ان کے فسق اور ان پر لعنت کی بات ہے تو اس میں (علمائے امت میں) اختلاف پایا جاتا ہے - ہم یزید کے معاملے میں "توقف" کے قائل ہیں..... کہ یہی مسلک محققین ہے"۔

(یہ عبارت جون (۹۵ء) کے "الخیر" میں "ناظم المجلہ" کی طرف سے شائع کی گئی لیکن رسالہ کی تقسیم و ترسیل سے پہلے اس پر سنسر کی کالک مل دی گئی - ہمارے ریکارڈ میں "الخیر" کا مذکورہ شمارہ اپنی اصل اور مسخ حالت دونوں صورتوں میں محفوظ ہے۔)

## مدیر "الخیر" کی معذرت

"الخیر" کی گذشتہ اشاعت میں حضرت مولانا سید ابو معاویہ ابو ذر بخاری قدس سرہ کے افکار و نظریات پر تعزیتی شذرہ میں جو کچھ لکھا گیا معاصر عزیز ماہنامہ "نقیبِ ختمِ نبوت" ملتان اور عزیز م ذوالکفل بخاری سلمہ نے اس سے اختلاف کیا ہے - سو اس سلسلہ میں ہمیں اپنی رائے پر اصرار نہیں۔

جن الفاظ سے حضرت شاہ صاحب مرحوم کے اخلاف کو صدمہ ہوا ہو ہم ان سے رجوع کرتے ہیں - امید ہے کہ وہ ہماری معذرت کو قبول فرمائیں گے۔

نیاز مند - محمد ازہر

(بشکریہ، ماہنامہ "الخیر" ملتان رجب ۱۴۱۶ھ، دسمبر ۱۹۹۵ء)

مولانا ابوریحان سیالکوٹی

سبائی فتنہ

(حصہ اول)

قیمت 150 روپے

اہلِ سُنّت کے روپ میں رفض و سبائیت پھیلانے والے طبقہ کے خیالات کا علمی و تحقیقی محاسبہ
ایسی کتاب جس نے بعض نام نہاد تقدس مآبوں کی حجلہ عروسی میں زلزلہ بپا کر دیا

بخاری اکیڈمی مہربان کالونی، ملتان۔

© rasailojaraid.com